روح ہے پس اللہ اور اُسکے رسولوں پر ایمان لاؤ اور تثلیث کے قائل نہ ہو اس سے باز رہو یہی تمہارے لئے

لَّكُمْ ۭ اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۭ سُبْحٰنَهٗٓ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ وَلَدٌ ۘ

اچھا ہے اللہ تو وہی یکتا معبود ہے اُس کی ذات اس سے منزہ ہے کہ اُسکے کوئی بیٹا ہو

لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿١٧١﴾

آسمانوں میں اور زمین میں جو کچھ ہے اللہ ہی کا ہے اور اللہ ہی انتظام کے لئے کافی ہے۔

لَنْ يَّسْتَنْكِفَ الْمَسِيْحُ اَنْ يَّكُوْنَ عَبْدًا لِّلّٰهِ وَلَا الْمَلٰۗىِٕكَةُ

مسیح کو یہ بات ہرگز ناگوار نہ ہوگی کہ وہ اللہ کا بندہ بنے اور نہ مقرب

الْمُقَرَّبُوْنَ ۭ وَمَنْ يَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيَسْتَكْبِرْ

فرشتوں کو اور جو اُسکی عبادت سے انکار کرے گا اور تکبر کرے گا

منزل ۱

بیسا کہ خدا کے قول سے ثابت ہے ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِيْ وَاُمِّيَ اِلٰهَيْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ (کیا تم نے لوگوں سے کہدیا تھا کہ مجھے اور میری ماں کو خدا کے علاوہ دو خدا بنالو) ۱۲ - ÷ ÷

بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۰۶ - کہ جبرئیل امین اس آیت کو اس شان سے لیکر نازل ہوئے تھے اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَظَلَمُوْا اٰلَ مُحَمَّدٍ حَقَّهُمْ لَمْ يَكُنِ اللّٰهُ الخ ۱۲ ÷ ۳ قَدْ جَآءَكُمُ الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ کافی اور تفسیر عیاشی میں جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے یہ آیت اس طرح منقول ہے قَدْ جَآءَكُمُ الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ فِيْ وَلَايَةِ عَلِيٍّ فَاٰمِنُوْا خَيْرًا لَّكُمْ وَاِنْ تَكْفُرُوْا بِوَلَايَةِ عَلِيٍّ فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الخ ۱۲ ÷ ۴ حاشیہ صفحہ ۲۰۷ - ۵ وَكَلِمَتُهٗ اَلْقٰىهَآ اِلٰى مَرْيَمَ وَرُوْحٌ مِّنْهُ کافی میں منقول ہے کہ جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے دریافت کیا گیا کہ رُوْحٌ مِّنْهُ کے معنی کیا ہیں فرمایا وہ روح جسے خدا تعالیٰ نے حضرت آدمؑ اور حضرت عیسیٰؑ میں پیدا کیا۔ التوحید میں جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ وہ مخلوق نہ جو کو خدا نے برگزیدہ فرمایا ایک روح آدمؑ اور ایک روح عیسیٰؑ ۱۲ - ۶ وَلَا تَقُوْلُوْا ثَلٰثَةٌ مطلب یہ ہے کہ یہ نہ کہو کہ خدا تین ہیں اللہ و مسیح و مریم

ع ۲۳ ۹ ۳

مَا اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا

کوئی گناہ نہیں ہے جس حال میں کہ وہ ڈرتے رہے اور ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے پھر وہ ڈرتے

ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاَحْسَنُوْا ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۹۳﴾

رہے اور ایمان لائے پھر وہ ڈرتے رہے اور نیکی کرتے رہے اور اللہ نیکی کرنیوالوں کو دوست رکھتا ہے

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَيَبْلُوَنَّكُمُ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِّنَ

اے ایمان لانیوالو ضرور ہے کہ اللہ تعالیٰ ایک ذرا سی بات یعنی اس شکار کے بارے میں

الصَّيْدِ تَنَالُهٗۤ اَيْدِيْكُمْ وَرِمَاحُكُمْ لِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ

تمہاری آزمائش کریگا جس تک تمہارے ہاتھ اور نیزے پہنچیں تاکہ اللہ یہ جان لے کہ

يَّخَافُهٗ بِالْغَيْبِ ۚ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ

اس سے بے دیکھے بھالے کون ڈرتا ہے پس جو اسکے بعد زیادتی کریگا اسی کے لئے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۹۴﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْتُلُوا

دردناک عذاب ہے اے ایمان لانے والو جب تم احرام کی حالت

الصَّيْدَ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ؕ وَمَنْ قَتَلَهٗ مِنْكُمْ مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآءٌ

میں ہو تو شکار کو قتل نہ کرو اور جو تم میں سے جان بوجھکر شکار کو قتل کریگا تو اس کا

مِّثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهٖ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ

بدلہ چوپایوں میں سے ویسا ہی ہے جیسا کہ اسنے قتل کیا جسکے بارے میں تم میں سے دو منصف حکم لگائینگے

هَدْيًا بٰلِغَ الْكَعْبَةِ اَوْ كَفَّارَةٌ طَعَامُ مَسٰكِيْنَ اَوْ

اور یہ قربانی کعبہ پہنچائی جائیگی یا کفارہ ہوگا مسکینوں کا کھانا کھلانا یا

منزل ۲

۱ لَيَبْلُوَنَّكُمُ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِّنَ الصَّيْدِ لفظی معنی تو یہ ہیں کہ کچھ شکار سے پروردگار عالم تمہاری آزمائش کریگا اور مطلب اسوقت کی آزمائش سے ہے کہ جب حالت احرام میں ہو۔ تفسیر قمی میں وارد ہے کہ یہ آیت غزوۂ حدیبیہ میں نازل ہوئی جسوقت اصحاب جناب رسالت مآب کی آزمائش کے لئے پروردگار عالم نے اس قدر جانور جمع کر دئے تھے کہ آدمیوں کے سامانوں کے بیچ میں سے گزر جاتے تھے اور کافی میں ہے کہ شکار اس قدر غزوۂ حدیبیہ میں جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ کے لئے جمع کر دئے گئے تھے کہ آنحضرت کے اصحاب کے ہاتھ اور نیزے بآسانی ان تک پہنچتے تھے ۱۲

۲ لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ التہذیب میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جب تم حالت احرام میں ہو تو کل جانوروں کے قتل سے پرہیز کرو سوائے افعی اور عقرب اور چوہے کے اسلئے کہ چوہا مشک کو کاٹ ڈالتا ہے اور مکان میں آگ لگا دیتا ہے رہا بچھو جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ نے ایک مرتبہ کسی پتھر کی طرف ہاتھ بڑھایا تھا اور بچھو نے کاٹ کھایا تو آنحضرت نے فرمایا کہ خدا تجھ پر لعنت کرے تو کسی نیک اور بد کو نہیں چھوڑتا۔ اور سانپ جس وقت وہ تمہارا قصد کرے تو تم اسکو قتل کر دو نہ کرے۔ نہ کرو۔ یہی حکم دیوانے کتے اور درندے کا ہے اور کالے ناگ کو بہر حال قتل کر دینا چاہئے۔ اور کوے اور چیل کو انکی طرف کوئی چیز پھینک کر اڑا دینا چاہئے ۱۲

۳ فَجَزَآءٌ مِّثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ التہذیب میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس آیت کی تفسیر میں وارد ہے کہ ہرن کے بدلے بکری اور گورخر کے عوض میں گائے اور شتر مرغ کے عوض میں پانچ برس کا اونٹ ۱۲

۴ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ تفسیر مجمع البیان میں جناب امام محمد باقر اور جناب امام جعفر صادق علیہما السلام سے منقول ہے کہ اصل میں ذو عدل تھا یعنی صاحب عدل۔ تفسیر عیاشی میں جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ ذو عدل سے مراد ہیں جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ اور انکے بعد میں امام جو انکا قائم مقام ہو اور ذوا عدل ان مقامات سے ہے جن میں کاتبان قرآن نے غلطیاں کی ہیں (قول مترجم۔ ذوا عدل کا الف غلط ہونیکی دلیل ایک

قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ ؕ حَتّٰۤى اِذَا جَآءَتْهُمُ

یقیناً وہ ٹوٹے میں ہیں جو خدا کی حضور میں جانیکو جھٹلاتے ہیں یہانتک کہ جب قیامت اُن کو

السَّاعَةُ بَغْتَةً قَالُوْا يٰحَسْرَتَنَا عَلٰى مَا فَرَّطْنَا فِيْهَا ۙ وَ

یکایک آئیگی اُس وقت کہیں گے افسوس ہم نے کیسی کمی کی اور

هُمْ يَحْمِلُوْنَ اَوْزَارَهُمْ عَلٰى ظُهُوْرِهِمْ ؕ اَلَا سَآءَ مَا

وہ اُسوقت اپنے اپنے وبال اپنی ہی پیٹھوں پر اُٹھائے ہونگے۔ خبردار ہو جاؤ کتنا بُرا ہے وہ جسے وہ

يَزِرُوْنَ ﴿۳۱﴾ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَاۤ اِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ؕ

لادے ہوئے ہوں گے اور یہ دنیا کی زندگانی سوائے کھیل کود کے کچھ بھی نہیں۔

وَلَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۳۲﴾

اور جو لوگ پرہیزگار ہیں آخرت کا گھر اُنکے لئے بہت ہی اچھا ہے کیا تم اتنا نہیں سمجھتے

قَدْ نَعْلَمُ اِنَّهٗ لَيَحْزُنُكَ الَّذِيْ يَقُوْلُوْنَ فَاِنَّهُمْ

ہم جانتے ہیں کہ جو کچھ وہ کہتے ہیں اُس سے تمکو رنج پہنچتا ہے مگر وہ حقیقت میں تم کو

لَا يُكَذِّبُوْنَكَ وَلٰكِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿۳۳﴾

نہیں جھٹلاتے بلکہ یہ ظالم اللہ کی نشانیوں کا انکار کرتے ہیں

وَلَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ فَصَبَرُوْا عَلٰى مَا

اور تم سے پہلے بہت سے رسولونکی تکذیب کیگئی ہے پھر اُنہوں نے اپنے جھٹلائے جانے پر

كُذِّبُوْا وَاُوْذُوْا حَتّٰۤى اَتٰىهُمْ نَصْرُنَا ۚ وَلَا مُبَدِّلَ

اور تکلیف دئے جانے پر صبر کیا جبتک کہ اُنکے پاس ہماری مدد نہ آئی اور اللہ کے کلموں کو

منزل ۲

۱؎ فَاِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُوْنَكَ۔ کافی اور تفسیر عیاشی میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ کسی شخص نے جناب امیرالمؤمنین علیہ السلام کے سامنے اس آیت کو پڑھا تھا تو آپ نے فرمایا کہ واللہ جھٹلانے میں تو اُن لوگوں نے کوئی کسر اُٹھا نہ رکھی تھی مگر اصل میں یہ لفظ لَا يُكَذِّبُوْنَكَ نہیں ہے بلکہ لَا يُكْذِبُوْنَكَ ہے جسکے یہ معنی ہیں کہ کوئی ایسا باطل نہ پیش کر سکیں گے جس سے تمہارے حق کو جھوٹا ثابت کر سکیں۔ تفسیر مجمع البیان میں منقول ہے کہ جناب امیرالمؤمنین اس آیت کو لَا يُكْذِبُوْنَكَ پڑھتے تھے اور یہ فرمایا کرتے تھے کہ مراد اس سے یہ ہے کہ وہ لوگ کوئی ایسی بات نہ پیش کر سکیں گے جو تمہارے حق سے زیادہ حق ثابت ہو جائے ۱۲۔ ۲؎ فَصَبَرُوْا عَلٰى مَا كُذِّبُوْا۔ تفسیر برہان میں منقول ہے کہ جناب امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ جس شخص نے صبر کیا وہ بھی تھوڑے عرصہ کیلئے ہے اور جسنے بے صبری کی وہ بھی تھوڑے ہی عرصہ کیلئے پھر فرمایا کہ تمکو اپنے تمام معاملات میں صبر اختیار کرنا چاہئے اس لئے کہ جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ کو اللہ تعالےٰ نے مبعوث کیا اور آنحضرت کو صبر و نرمی کا حکم دیا اور یہ فرمایا۔ وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا (لوگ جو کچھ بھی کہیں اُسپر صبر کرو اور خوبصورتی کے ساتھ اُسکو چھوڑ بیٹھو) اور یہ فرمایا اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِيْ بَيْنَكَ وَبَيْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِيٌّ حَمِيْمٌ (بدی کو ایسی تدبیر سے ٹالو جو بہت اچھی ہو کہ یکایک اُس کا نتیجہ یہ نکلیگا کہ وہ شخص جسکے اور تمہارے مابین عداوت ہے ایسا ہو جائیگا گویا ہمیشہ کا تمہارا سرگرم دوست ہے) پس جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ نے صبر کیا یہانتک کہ لوگوں نے حضرت پر بہت بڑے بڑے الزام لگائے اور طعن کئے اور آنحضرت دل تنگ ہوئے پس خدا تعالےٰ نے یہ آیت نازل فرمائی وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ يَضِيْقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَ (ہم خوب جانتے ہیں کہ جو کچھ لوگ کہتے ہیں اُس سے تم بہت دل تنگ ہوتے ہو) پھر لوگوں نے حضرت کو جھٹلایا اور طعن کئے جس سے آنحضرت محزون و مغموم ہوئے تو خدا تعالےٰ نے یہ آیات نازل کیں جو قَدْ نَعْلَمُ سے نَصْرُنَا تک ہیں پس حضرت نے اپنی ذات کے لئے صبر لازم کر لیا اور بیٹھ رہے اور خدائے تعالیٰ کی یاد کرتے رہے اور وہ لوگ حضرت کو جھٹلا

(باقی بر صفحہ ۱۷۸)

۱؎ اِنَّ الَّذِیْنَ فَرَّقُوْا دِیْنَهُمْ وَكَانُوْا شِیَعًا۔ تفسیر قمی میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جناب امیر المومنین اس فَرَّقُوْا دِیْنَهُمْ کو فَارَقُوْا دِیْنَهُمْ پڑھتے تھے اور كَانُوْا شِیَعًا کے یہ معنی ہیں کہ فرقہ فرقہ ہو گئے اور ہر فرقہ کسی ایک امام کا پیرو ہو گیا۔ تفسیر مجمع البیان میں جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ اس آیت میں وہ سب لوگ مراد لئے گئے ہیں جو اس امت سے

إِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ﴿۱۵۹﴾ إِنَّ الَّذِیْنَ فَرَّقُوْا دِیْنَهُمْ وَكَانُوْا

ہم بھی منتظر ہیں بیشک وہ لوگ جنہوں نے اپنے دین میں پھوٹ ڈالی اور گروہ گروہ

شِیَعًا لَّسْتَ مِنْهُمْ فِیْ شَیْءٍ ؕ إِنَّمَا أَمْرُهُمْ إِلَى اللّٰهِ

ہو گئے تمکو اُنسے کسی معاملہ میں سروکار نہیں اُن کا فیصلہ خدا کے ہاتھ ہے

ثُمَّ یُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا یَفْعَلُوْنَ ﴿۱۶۰﴾ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ

پھر وہ اُنکو اُنکے کرتوت سے آگاہ کر دے گا جو ایک نیکی لائیگا تو اُسکے

فَلَهٗ عَشْرُ أَمْثَالِهَا ۚ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّیِّئَةِ فَلَا یُجْزٰۤى

لئے اُس کا دس گنا ہے اور جو ایک بدی لائیگا اُسکو سزا صرف اُسی کی مقدار کے

إِلَّا مِثْلَهَا وَهُمْ لَا یُظْلَمُوْنَ ﴿۱۶۱﴾ قُلْ إِنَّنِیْ هَدٰىنِیْ

موافق دی جائیگی اور اُن پر زیادتی نہ کی جائیگی (اے رسول) تم کہدو بیشک مجھکو میرے

رَبِّیْۤ إِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ۚ دِیْنًا قِیَمًا مِّلَّةَ إِبْرٰهِیْمَ

پروردگار نے راہ راست کی ہدایت کی ہے (وہ) پائدار مذہب حق کیطرف مائل ابراہیم کی

حَنِیْفًا ۚ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ﴿۱۶۲﴾ قُلْ إِنَّ صَلَاتِیْ

ملت (ہے) اور وہ مشرکین سے نہ تھے تم کہدو کہ میری نماز اور

وَنُسُكِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۶۳﴾

میری عبادت اور میرا جینا اور میرا مرنا سب عالموں کے پالنے والے خدا کے واسطے ہے

لَا شَرِیْكَ لَهٗ ۚ وَبِذٰلِكَ أُمِرْتُ وَأَنَا أَوَّلُ الْمُسْلِمِیْنَ ﴿۱۶۴﴾

جس کا کوئی شریک نہیں اور اسی کا مجھکو حکم دیا گیا ہے اور میں سب سے پہلا اطاعت کرنیوالا ہوں

منزل ۲

جل کر ضلالت میں چلے گئے۔ اور شبہات میں پڑ گئے اور بدعتی ہو گئے جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ کی حدیث میں ہے کہ عنقریب میری اُمت تہتر فرقوں پر منقسم ہو جائیگی جن میں سے سب جہنم میں جائیں گے سوائے ایک کے اور وہ ایک وہ ہوگا جو میرے وصی علی کی پیروی کریگا

۲؎ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ أَمْثَالِهَا۔ تفسیر مجمع البیان میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جب آیت مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَیْرٌ مِّنْهَا نازل ہوئی تو جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ نے عرض کی مجھے اس سے زیادہ عطا فرما اسوقت اللہ نے یہ آیت نازل کی مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ أَمْثَالِهَا۔ کافی میں ہے کہ جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے یہ دریافت کیا گیا تھا کہ فضائل و احکام وحدود میں مؤمن کو مسلم پر کونسی فضیلت ہے فرمایا نہیں ان باتوں میں دونوں کی ایک ہی سی حالت ہے لیکن اعمال میں اور جس چیز کے ذریعہ سے خدا سے تقرب حاصل کر سکتے ہیں اُس چیز میں مؤمن کو مسلم پر فضیلت ہے۔ اس موقع پر حضرت سے اعتراضاً یہ پوچھا گیا کہ کیا خدا یہ نہیں فرماتا مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ أَمْثَالِهَا اور آپکا بھی یہ خیال ہے کہ مسلم نماز میں زکوٰۃ میں حج میں روزہ میں مومن کے ساتھ ساتھ ہے حضرت نے فرمایا کیا خدا نے یہ نہیں فرمایا یُضٰعِفُ لِمَنْ یَّشَآءُ (اسکے واسطے کئی گنا بڑھا دیتا ہے) پس مومن ہی وہ ہیں جنکی نیکیوں کو خدا بیحساب بڑھا دیتا ہے کہ ہر نیکی کو ستر گنا کر دیتا ہے۔ لہٰذا یہ مؤمن کی مسلم پر فضیلت ہوئی

قَلِيْلٌ مُّسْتَضْعَفُوْنَ فِي الْاَرْضِ تَخَافُوْنَ

سرزمین میں گنتی میں کم اور بے بس تھے اور اس بات سے ڈرتے تھے

اَنْ يَّتَخَطَّفَكُمُ النَّاسُ فَاٰوٰىكُمْ وَاَيَّدَكُمْ بِنَصْرِهٖ

کہ کہیں لوگ تمکو اُچک کر نہ لیجائیں اور خدا نے تمکو ٹھکانا بھی دیا اور اپنی نصرت کے ذریعہ سے

وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۲۶﴾

تمہاری تائید بھی کی اور پاک چیزوں سے تمکو رزق بھی عطا کیا تاکہ تم شکر گزار ہو

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ

اے ایمان لانے والو نہ تو اللہ اور رسولؐ کی خیانت کرو اور نہ

وَتَخُوْنُوْۤا اَمٰنٰتِكُمْ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۷﴾ وَاعْلَمُوْۤا

جان بوجھ کر اپنی امانتوں میں خیانت کرو اور یہ جان لو

اَنَّمَاۤ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ

کہ تمہارے مال اور تمہاری اولاد آزمائش ہیں اور بیشک بڑا اجر

عِنْدَهٗۤ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۲۸﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ

خدا (ہی) کے پاس ہے اے ایمان لانے والو اگر تم

تَتَّقُوا اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّكُمْ فُرْقَانًا وَّيُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ

اللہ سے ڈرتے رہوگے تو وہ تمہارے واسطے ایک حق و باطل کی جانچ مقرر فرمائیگا

وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۲۹﴾ وَاِذْ

اور تمہاری بدیاں تم سے دور کر دیگا اور تمکو بخشدیگا اور اللہ بڑے فضل کا مالک ہے اور (اے

ع ۳ ۹ ۱۷

۱ لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ۔ تفسیر قمی میں منقول ہے کہ یہ آیت ۵ ہجری میں غزوہ بنی قریظہ کے وقت ابو لبابہ بن عبد المنذر انصاری کے بارے میں نازل ہوئی تھی جسنے جناب رسالت مآب صلے اللہ علیہ وآلہ کے حکم میں خیانت کی تھی اسکا نزول سورۂ توبہ کی بعض آیتوں کے ساتھ ہوا ہے اور درج اس جگہ غزوۂ بدر کی آیتوں کے ساتھ کیگئی ہے جو ہجرت کے سولہویں مہینہ میں واقع ہوا۔ منجملہ اُن دلیلوں کے جو یہ بتلاتی ہیں کہ ترتیب قرآن مجید خلاف تنزیل ہے ایک یہ بھی ہے (ابو لبابہ کی خیانت اور اُنکی توبہ کا پورا قصہ ضمیمہ میں ۷۲ ملاحظہ کیجیے) ۱۲

۲ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ تفسیر مجمع البیان میں جناب امیر المومنین علیہ السلام سے منقول ہے کہ تم میں سے کوئی شخص یہ نہ کہے کہ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْفِتْنَةِ (یا اللہ میں فتنہ سے تیری پناہ مانگتا ہوں) اسلئے کہ ایسا تم میں سے ایک بھی نہیں جو فتنہ سے خالی ہو اور فتنہ کو دوست نہ رکھتا ہو جیسا کہ خدا تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے اَنَّمَاۤ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ مطلب یہ ہے کہ تمہارے مال بھی اور تمہاری اولاد بھی خدا کی طرف سے آزمائش ہیں پس اگر کوئی شخص پناہ مانگے تو یوں مانگے اَللّٰهُمَّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ مُّضِلَّاتِ الْفِتَنِ (یا اللہ جو ایسی آزمائشیں ہیں جو راہ راست سے ہٹا دینے والی ہیں اُنسے میں تیری پناہ مانگتا ہوں) ۱۲

لیمیز اللہ الخبیث من الطیب علل الشرائع میں جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے ایک حدیث میں منقول ہے کہ خدا یتعالیٰ جب کسی مومن کے پیدا کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو اُسکی طینت میں کافر کی طینت کا بھی کچھ حصہ ملا دیتا ہے اور مومن سے جو بری ظہور میں آتی ہے۔ سکا باعث وہی طینت کفر ہے اور اسی طرح کافر کے پیدا کرنیکا جب ارادہ کرتا ہے تو اُسکی طینت میں مومن کی طینت کا جزو ملا دیتا ہے پس کافر سے جو نیکیاں بن پڑتی ہیں اُنکا باعث وہی طینت ایمان ہے آخر میں فرمایا کہ قیامت کے دن خدا یتعالےٰ ہر دشمن ناصبی سے مومن کی طینت اور اُسکے متعلقات مع کل اعمال نیک کے لے کر مومن کو واپس عنایت کردیگا اور ہر مومن سے ناصبی کی طینت اور اُسکے متعلقات مع کل اعمال بد کے لیکر ناصبی کو واپس کردیگا اور یہی مقتضائے عدالت ہر مسلمے کہ ناصبی سے ارشاد فرمائیگا کہ یہ اعمال خبیثہ تیری طینت سے ہیں تیرے مزاج کے موافق ہیں تو ہی ان کا سب سے زیادہ مستحق ہے اور یہ اعمال نیک مومن کی طینت سے ہیں اور اُس کے مزاج کے موافق ہیں وہ ان کا زیادہ مستحق ہے آج کے دن کوئی ظلم نہیں کیا جاتا بیشک خدا یتعالےٰ جلد حساب لینے والا ہے۔ پھر حضرت نے فرمایا کہ اس مطلب کی تائید قرآن مجید کی آیتوں سے ہوتی ہے دیکھو خدا یتعالےٰ فرماتا ہے لیمیز اللہ الخبیث من الطیب الخبیثون للخبیثات والخبیثات للخبیثین والطیبون للطیبات والطیبات للطیبین (بُری بُری باتیں بُرے لوگوں کے لئے ہیں اور بُرے آدمی بُری باتوں کے لئے اور اچھی اچھی باتیں اچھے لوگوں کے لئے ہیں اور اچھے آدمی اچھی باتوں کے لئے)۔ پھر دوسری آیت حضرت نے یہی تلاوت فرمائی ان الذین کفروا فالی جہنم یحشرون (بیشک جن لوگوں نے کفر کیا سو جہنم کی طرف جمع کئے جائینگے) اور اولیاء ہم الخبیثون (اور اُنکے دوست خبیث لوگ ہیں) تک پوری حدیث مع تصریح و تشریح ضمیمہ میں

قال الملا ۹ ۳۶۰ الانفال ۸

الْخَبِيثَ مِنَ الطَّيِّبِ وَيَجْعَلَ الْخَبِيثَ بَعْضَهٗ
پاک سے الگ کردے اور ناپاک کو اوپر تلے
عَلٰى بَعْضٍ فَيَرْكُمَهٗ جَمِيعًا فَيَجْعَلَهٗ فِىْ جَهَنَّمَ ؕ
رکھ دے پھر اُن سب کا ڈھیر لگا دے پھر اُس سارے ڈھیر کو جہنم میں
وَالْخٰسِرُوْنَ ﴿۳۷﴾ قُلْ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ
جھونکدے وہی تو نقصان اُٹھانیوالے ہونگے۔ کافروں سے کہدو کہ اگر وہ باز آئیں تو جو کچھ
يَّنْتَهُوْا يُغْفَرْ لَهُمْ مَّا قَدْ سَلَفَ ۚ وَاِنْ يَّعُوْدُوْا
پہلے ہوچکا ہے وہ اُن کو معاف کر دیا جائے گا اور اگر پھر ویسا ہی کرینگے
فَقَدْ مَضَتْ سُنَّتُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۸﴾ وَقَاتِلُوْهُمْ
تو پہلوں کا قاعدہ تو مقرر ہو ہی چکا ہے اور اُن سے یہانتک
حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ كُلُّهٗ
لڑو کہ کفر باقی نہ رہے اور دین سب کا سب خالص اللہ کا
لِلّٰهِ ۚ فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ
ہو جائے پھر اگر وہ کفر سے باز آجائیں تو اللہ اُن کے اعمال کا
بَصِيْرٌ ﴿۳۹﴾ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ
نگران ہے اور اگر وہ نہ باز آئیں تو یہ جان لو کہ اللہ
مَوْلٰىكُمْ ؕ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ﴿۴۰﴾
تمہارا حامی ہے۔ (اور) وہ سب سے بہتر حامی اور سب سے بہتر مددگار ہے۔

منزل ۲

* فائدہ جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ بعد اسکے کہ جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ نے اپنی اور (باقی برصفحہ ۳۶۱)

ف

فائدہ سلف تفسیر عیاشی میں جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ ایک شخص نے اُن حضرت سے گزارش کی کہ میں بنی اُمیہ کی طرف سے حاکم تھا اور بہت سا مال اکٹھا کیا پھر مجھے خیال آیا کہ یہ میرے لئے حلال نہیں ہے تب میں نے اُسکے مطابق سوال کیا تو مجھے یہ جواب ملا کہ تیرے اہل و عیال تیرا مال اور تیری ہر چیز حرام ہے۔ حضرت نے فرمایا کہ جواب دینے والوں نے جو تجھ سے کہا ہے اصل امر یوں نہیں ہے اُسنے عرض کی تو آیا میرے لئے توبہ

فَانْبِذْ إِلَيْهِمْ عَلَىٰ سَوَاءٍ ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْخَائِنِينَ ﴿٥٨﴾ ع ١٠ ٣

حیثیت سے تم بھی اُنسے دست بردار ہو جانا بیشک اللہ خیانت کرنیوالوں کو دوست نہیں رکھتا

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا سَبَقُوا ۚ إِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُونَ ﴿٥٩﴾

اور جو لوگ کافر ہو گئے ہیں وہ یہ گمان نہ کریں کہ وہ بازی لیگئے یقیناً وہ (ہمکو) عاجز نہ کر سکینگے

وَأَعِدُّوا لَهُمْ مَا اسْتَطَعْتُمْ مِنْ قُوَّةٍ وَمِنْ رِبَاطِ

اور جو قوت تم بہم پہنچا سکتے ہو اور جتنے گھوڑے تم سرحد پر بندھے رکھ سکتے ہو اُنکو اُن (کفار)

الْخَيْلِ تُرْهِبُونَ بِهِ عَدُوَّ اللَّهِ وَعَدُوَّكُمْ وَ

کے مقابلہ کے لئے تیار کر رکھو کہ ایسا کرنے سے تم اللہ کے دشمن کو اور اپنے دشمن کو اور اُنکے سوا

آخَرِينَ مِنْ دُونِهِمْ ۖ لَا تَعْلَمُونَهُمْ ۖ اللَّهُ يَعْلَمُهُمْ ۚ

اور لوگوں کو ڈراتے رہو گے تم اُن کو نہیں جانتے اللہ اُن کو جانتا ہے

وَمَا تُنْفِقُوا مِنْ شَيْءٍ فِي سَبِيلِ اللَّهِ يُوَفَّ إِلَيْكُمْ

اور جو کچھ تم اللہ کی راہ میں خرچ کرو گے اُسکا عوض تم کو پورا پورا دیا جائیگا اور تمہارا

وَأَنْتُمْ لَا تُظْلَمُونَ ﴿٦٠﴾ وَإِنْ جَنَحُوا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ

کسی طرح نقصان نہ کیا جائیگا اور اگر وہ صلح کی طرف مائل ہوں تو تم بھی اُسکی طرف مائل

لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ ۚ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿٦١﴾

ہو جاؤ اور اللہ پر بھروسہ کرو بیشک وہ بڑا سننے والا (اور) جاننے والا ہے

وَإِنْ يُرِيدُوا أَنْ يَخْدَعُوكَ فَإِنَّ حَسْبَكَ اللَّهُ ۚ

اور اگر وہ تمہیں دھوکا دینا چاہیں گے تو اللہ تمہارے لئے کافی ہے۔

لہ وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ - کافی تفسیر عیاشی، تفسیر قمی اور الفقیہ میں جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ اور جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے جو کچھ منقول ہے اُس کا خلاصہ یہ ہے کہ اس آیت میں قوۃ سے مراد تیر اندازی کی قوت ڈھال تلوار اور ہر قسم کے ہتھیار جن سے لڑائی میں تقویت ہوتی ہے نیزہ بازوں کا خضاب سے سیاہ کر لینا کہ اس سے بھی دشمن کے دل پر ہیبت چھا جاتی ہے) ١٢ لہ وَاِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا۔ تفسیر قمی میں منقول ہے کہ یہ آیت منسوخ ہے۔ اور اُس کی ناسخ سورۂ محمد میں یہ آیت ہے فَلَا تَهِنُوْا وَتَدْعُوْٓا اِلَى السَّلْمِ وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ (پس سستی نہ کرو اور صلح کے خواہاں نہ ہو جس حال میں کہ تم خود غالب ہو) اور یہ منسوخ آیت يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ کے نزول سے اور غزوۂ بدر کے وقوع سے پہلے نازل ہوئی تھی مگر جامع قرآن کی بے عنوانی سے یہاں آخر سورہ میں درج ہو گئی ہے۔ کافی اور تفسیر عیاشی میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ کسی نے آنحضرتؑ سے دریافت کیا تھا کہ اَلسَّلْمِ سے کیا مراد ہے فرمایا کہ ہمارے امر میں داخل اور شریک ہو جانا ١٢۔

* * * * * * * * *

[illegible]

واعلموا ۱۰ ۳۹۴ التوبة ۹

رَسُوْلَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ

اطاعت کرتے ہیں یہی لوگ ہیں کہ عنقریب اللہ اُنپر رحمت کریگا بیشک اللہ زبردست

حَكِيْمٌ ﴿۷۱﴾ وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ

(اور) حکمت والا ہے۔ اللہ نے مومن مرد اور مومن عورتوں سے ایسی جنتوں

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ

کا وعدہ کیا ہے جن کے نیچے ندیاں بہتی ہونگی اور انمیں ہمیشہ (ہمیشہ) رہنے

فِيْهَا وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ؕ وَ

والے ہونگے اور دائمی بہشتوں میں اچھے اچھے مکانوں کا بھی وعدہ کیا ہے اور اللہ

رِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ

کی خوشنودی سب سے بڑھ کر ہے یہی تو بڑی کامیابی

الْعَظِيْمُ ﴿۷۲﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَ

ہے۔ اے نبی کفار اور منافقین سے

الْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ؕ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَ

جہاد کرو اور اُنپر سختی کرو اور اُن کا ٹھکانا جہنم ہے اور

بِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۷۳﴾ يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ مَا قَالُوْا ؕ وَلَقَدْ

وہ بہت ہی بری جگہ ہے وہ خدا کی قسم کھا کھا کر کہتے ہیں کہ انہوں نے ایسا نہیں

قَالُوْا كَلِمَةَ الْكُفْرِ وَكَفَرُوْا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ وَ

کہا حالانکہ انہوں نے کفر کا کلمہ ضرور کہا اور وہ اپنے اسلام کے بعد کافر ہوگئے اور

ع ۹ ۶ ۱۵

منزل ۲

[illegible]

۱ عدن تفسیر مجمع البیان میں جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ سے منقول ہے کہ عدن پروردگار عالم کا وہ مکان ہے جسکو نہ کسی آنکھ نے دیکھا نہ کان نے سنا اور نہ کسی انسان کے دل میں جسکا وہم تک گزرا اور اسمیں سوائے تین قسم کے لوگوں کے اور کوئی نہیں رہیگا۔ اَلنَّبِيِّيْنَ وَ الصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ (یعنی انبیاء و صدیق و شہداء) اور خداوند عالم اُس مکان کے بارے میں فرمائیگا کہ خوشا بحال اُسکے جو اُس میں داخل ہو۔ اور الخصال میں انہی حضرت سے منقول ہے کہ اگر کوئی شخص یہ پسند کرے کہ اُسکی زندگی میری سی زندگی ہو اور اُسکی موت میری سی موت۔ اور اُسکو پروردگار عالم میری جنت میں جگہ دے جسکا خدا تعالیٰ نے وعدہ فرمایا ہے اور جسے جنت عدن سے موسوم فرمایا اور اپنے ید قدرت سے بنایا اور کُن فَیَکُوْن (کہ ہو اور وہ ہوگیا) فرمانے سے اُسے پیدا کیا ہے تو اُسکو لازم ہے کہ علی ابن ابیطالب سے اور اُنکے بعد اُن کی اولاد سے محبت رکھے اور جناب امیر المومنین علیہ السلام سے کسی یہودی نے دریافت کیا تھا کہ تمہارے نبی جنت میں کہاں رہینگے تو حضرت نے فرمایا کہ از روئے درجہ کے سب سے بلند درجہ میں اور از روئے مکان کے سبب سے بہتر مکان یعنی جنت عدن میں ہونگے۔ اُس نے عرض کی واللہ آپ نے سچ فرمایا حضرت موسیٰ نے بھی یہی لکھوایا تھا اور حضرت ہارون نے یہی لکھا تھا۔ الفقیہ میں حدیث بلال میں ہے کہ جنت عدن اور سب جنتوں کے بیچ میں ہے اُسکی فصیل یاقوت احمر کی ہے اور بجائے کنکروں کے اُسمیں موتی پھیلے ہوئے ہیں ۱۲

۲ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ تفسیر مجمع البیان میں قرأت اہلبیت علیہم السلام ہے جَاهِدِ الْكُفَّارَ بِالْمُنٰفِقِيْنَ اور انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ نے کبھی منافقین سے لڑائی نہیں کی بلکہ اُنکی تو تالیف قلوب کرتے رہتے تھے اور منافقین کفر کا اظہار بھی نہیں کرتے تھے اور اُنکے کفر کے متعلق خدا کا علم اُنکے قتل کے مباح ہونیکا باعث نہیں ہو سکتا تھا اسلئے کہ ظاہر میں تو وہ ایمان کا اظہار کرتے تھے (پھر قتل کیسا اور جہاد کیوں؟) تفسیر قمی میں ہے کہ یہ آیت تو یوں نازل ہوئی تھی يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ بِالْمُنٰفِقِيْنَ اسلئے کہ جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ نے منافقین سے تلوار کے ذریعہ سے کبھی جہاد ہی نہیں فرمایا۔ یہ قول تو سورۂ توبہ کے متعلق ہے اور سورۂ تحریم کی تفسیر میں خدا تعالیٰ نے اس قول کے متعلق يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ

التوبۃ ۹ ۴۰۴ یعتذرون ۱۱

أَنَّ يَتُوبَ عَلَيْهِمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١٠٤﴾ خُذْ
اُمید ہے کہ اللہ اُنکی توبہ قبول کرلے بیشک اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے اُنکے
مِنْ أَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِم
مالوں میں سے صدقہ لے کہ اُنکو بھی پاک کردو اور اس صدقہ لینے کی وجہ سے
بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ۖ إِنَّ صَلَاتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ۗ
اُنکے مال کو بھی بڑھا دو اور اُنکے لئے دعائے رحمت کرو تمہاری دعائے رحمت کرنا اُنکی تسکین کا
وَاللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ﴿١٠٥﴾ أَلَمْ يَعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ هُوَ
باعث ہوگا اور اللہ سُننے والا (اور) جاننے والا ہے کیا اُنہوں نے اس بات کو نہیں جانا کہ
يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهِ وَيَأْخُذُ الصَّدَقَاتِ وَ
اللہ اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور (اُنسے) صدقات لے لیتا ہے اور یہ
أَنَّ اللَّهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ﴿١٠٦﴾ وَقُلِ اعْمَلُوا
کہ بیشک اللہ ہی سب سے بڑا توبہ قبول کرنیوالا (اور) رحم کرنیوالا ہے اور اُنسے یہ کہدو کہ
فَسَيَرَى اللَّهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُولُهُ وَالْمُؤْمِنُونَ ۖ
تم عمل کئے جاؤ عنقریب اللہ اور اُسکا رسول اور ایمان دینے والے تمہارے اعمال کو
وَسَتُرَدُّونَ إِلَىٰ عَالِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُم
دیکھ لینگے اور عنقریب تم غائب و حاضر کے جاننے والے کی حضور میں واپس کئے جاؤگے
بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿١٠٧﴾ وَآخَرُونَ مُرْجَوْنَ لِأَمْرِ
اور جو کچھ تم کیا کرتے تھے اُس سے وہ تمکو آگاہ کردیگا اور کچھ ایسے بھی ہیں جو خدا کے

منزل ۱

۱ صَلِّ عَلَيْهِمْ تفسیر مجمع البیان میں جناب رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ سے منقول ہے کہ جب کوئی گروہ حضرتؐ کی خدمت میں صدقات لے کر حاضر ہوتا تھا تو حضرتؐ فرماتے تھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَیْھِمْ (اے خدا اُنپر رحمت نازل کر) تفسیر عیاشی میں ہے کہ جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس آیت کے بارے میں دریافت کیا گیا کہ آیا اس کا حکم جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ کے بعد امام کے بارے میں بھی جاری ہے۔ فرمایا

۲ یَا مُحَمَّدُ الصَّدَقَاتُ تفسیر عیاشی میں جناب امام زین العابدین علیہ السلام سے منقول ہے کہ میں اپنے پروردگار کی جانب سے اسکا ضامن ہوں کہ صدقہ بیشک پروردگار کے ہاتھ میں پہنچتا ہے بندے کے ہاتھ میں نہیں پہنچتا اور یہ خدا کے اس قول سے ثابت ہے یَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَیَاْخُذُ الصَّدَقٰتِ۔ کافی میں انہی حضرتؑ سے منقول ہے کہ پروردگار عالم فرماتا ہے کہ ہر شئے کے قبول کرنیکے لئے میں نے متوکل مقرر کردیئے ہیں سوائے صدقہ کے کہ اسے میں اپنے ہاتھ سے لیتا ہوں یہانتک کہ اگر کوئی ایک مٹھی یا ایک ٹکڑے کا ٹکڑا بھی صدقے میں دیتا ہے تو اُسے میں اسطرح پرورش کرتا ہوں جسطرح آدمی اپنی اولاد کو پرورش کرتا ہے اور قیامت کے دن وہ اُسے کوہ احد کے برابر یا اُس سے بھی بڑا پائیگا (باقی تفسیر شیخ بزرگوار مدظلہ العالی)

۳ وَالْمُؤْمِنُوْنَ کافی میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ اُن حضرتؑ کے سامنے یہ آیت پڑھی گئی تو حضرتؑ نے فرمایا کہ یوں نہیں ہے دراصل تھا وَالْمَاْمُوْمُوْنَ اور مومنین سے ہمارے ائمہ ہیں۔ تفسیر قمی میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ ہر صبح کو کل بندوں کے اعمال نیک ہوں یا بد جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ کی خدمت میں پیش کئے جاتے ہیں پس تم ڈرتے رہو۔ اور ہر شخص تم میں سے اسبات سے حیا کرے کہ اُسکے بد اعمال آنحضرتؐ کے سامنے پیش ہوں۔ تفسیر عیاشی میں جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ کوئی مومن یا کافر نہیں مرتا اور قبر میں نہیں رکھا جاتا جبتک کہ اُسکے اعمال جناب رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ اور جناب

وَّعَدَهَآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗٓ اَنَّهٗ عَدُوٌّ لِّلّٰهِ

اُنہوں نے اُس سے کر لیا تھا پھر جب اُنپر یہ بات کھل گئی کہ وہ خدا کا دشمن ہے تو

تَبَرَّاَ مِنْهُ ؕ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَاَوَّاهٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۱۴﴾ وَمَا

اُنہوں نے اُس سے تبرا کیا بیشک ابراہیم بڑے نرم دل (اور) بردبار تھے اور خدا کا

كَانَ اللّٰهُ لِيُضِلَّ قَوْمًۢا بَعْدَ اِذْ هَدٰىهُمْ حَتّٰى

یہ کام نہیں ہے کہ کسی قوم کو ہدایت کرنیکے بعد اُنسے توفیق ہدایت سلب کر لے جبتک کہ

يُبَيِّنَ لَهُمْ مَّا يَتَّقُوْنَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۱۵﴾

اُنپر کھول نہ دے کہ اُنکو کس کس چیز سے بچنا چاہئے بیشک اللہ ہر چیز سے آگاہ ہے

اِنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ يُحْيٖ وَ

بیشک آسمانوں کی اور زمین کی بادشاہی خدا ہی کی ہے وہی جلاتا ہے اور

يُمِيْتُ ؕ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا

مارتا ہے اور تمہارا اللہ کے سوا نہ کوئی حامی ہے اور نہ

نَصِيْرٍ ﴿۱۱۶﴾ لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهٰجِرِيْنَ

مددگار بیشک اللہ نے نبیؐ اور اُن مہاجرین اور انصار کی توبہ

وَالْاَنْصَارِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ فِيْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ

قبول کر لی جنہوں نے تنگی کے حال میں (بھی) نبیؐ کا ساتھ دیا تھا

مِنْۢ بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيْغُ قُلُوْبُ فَرِيْقٍ مِّنْهُمْ

بعد اسکے کہ اُن میں سے ایک فریق کا دل حق سے ہٹ چلا تھا۔

منزل

لہ لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ احتجاج طبرسی میں منقول ہے کہ جناب امام جعفر صادق علیہ السلام اور مجمع البیان میں ہے کہ امام رضا علیہ السلام اس آیت کو یوں پڑھا کرتے تھے لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ بِالنَّبِيِّ عَلَى الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ تفسیر قمی میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ اسی شان سے یہ آیت نازل ہوئی ہے۔ احتجاج میں ابان ابن تغلب سے منقول ہے کہ میں نے عرض کی یا ابن رسول اللہ عوام الناس تو اسطرح نہیں پڑھتے جیسے کہ آپ کے پاس ہے۔ دریافت فرمایا کہ اے ابان کیونکر پڑھتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کی کہ وہ یوں پڑھتے ہیں لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ۔ فرمایا ویل ہو اُنکے لئے نبیؐ کا کونسا گناہ تھا جسکے بارے میں خدا نے اُن کی توبہ قبول کر لی۔ سوائے اسکے نہیں ہے کہ توبہ تو اُنکی اُمت کے لئے قبول کر لیگئی ۱۲۔ ۲ہ اَلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ فِيْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ تفسیر قمی میں ہے کہ یہ آیت قصہ غزوہ تبوک کے بارے میں ہے اور جنکا ذکر ہے وہ حضرت ابوذرؓ اور ابوخیثمہ اور عمیرہ ابن وہب ہیں جو پیچھے رہگئے تھے۔ اور پھر جناب رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ سے جا ملے تھے اور ایک قول یہ بھی ہے کہ کچھ ایسے لوگ جو صاحبان بصیرت تھے جنکو کوئی شک کبھی عارض نہیں ہوا تھا وہ پیچھے رہگئے تھے اور اُنہوں نے یہ کہا تھا کہ ہم جا ملینگے۔ ازانجملہ ابوخیثمہ بھی تھے۔ ان کے دو بیبیاں تھیں اور دو بنگلے تھے۔ اور اُنکی دونوں بیبیوں نے دونوں بنگلوں کو خوب آراستہ کیا۔ اُسنے کہا۔ واللہ یہ رسول اللہ کے حق میں انصاف نہیں ہے باوجودیکہ وہ معصوم ہیں۔ وہ تو جہاد کے لئے آندھی اور پانی میں ہتھیار لگا کر چلے گئے اور ابوخیثمہ ہٹا کٹا اپنے بنگلے میں حسین جوروؤں کے ساتھ پڑا رہے۔ واللہ یہ انصاف نہیں ہے پھر سانڈنی کسی اور جناب رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ کے قریب جا پہنچے لوگوں نے راستہ پر کسی سوار کو آتے ہوئے دیکھا تو آنحضرتؐ کو اسکی خبر کی آنحضرتؐ نے فرمایا کہ ابوخیثمہ ہوگا چنانچہ ابوخیثمہ ہی تھے۔ لوگوں نے کہا آئیے اور اُنہوں نے جو واقعہ گزرا تھا جناب رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ سے بیان کیا

بقیہ حاشیہ صفحہ ۴۱۱ - بڑھنا محض باطل ہی ہوتا لیکن صورت حال یہ ہو کہ پورا ایمان ہو جیسے مؤمن جنت میں داخل ہونگے اور ایمان میں زیادتی ہونے کے سبب ہم مومنوں کے درجے اللہ کے نزدیک بڑھے ہوئے ہونگے اور ایمان میں کمی کرنے سے کمی کرنیوالے جہنم میں جائینگے ۱۲ سلہ رِجْسًا اِلٰی رِجْسِہِمْ تفسیر قمی اور تفسیر عیاشی میں منقول ہے کہ جناب امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ اس آیت میں رجس کے معنی شک کے ہیں ۱۲

یعتذرون ۱۱ ۴۱۲ التوبۃ ۹

يَتُوبُونَ وَلَا هُمْ يَذَّكَّرُونَ ﴿١٢٦﴾ وَإِذَا مَا

توبہ ہی کرتے ہیں اور نہ نصیحت ہی حاصل کرتے ہیں اور جبوقت

أُنزِلَتْ سُورَةٌ نَّظَرَ بَعْضُهُمْ إِلَىٰ بَعْضٍ هَلْ

کوئی سورت نازل کی جاتی ہے تو وہ (بطور اشارہ) ایکدوسرے کی طرف دیکھتے ہیں۔

يَرَاكُم مِّنْ أَحَدٍ ثُمَّ انصَرَفُوا ۚ صَرَفَ اللَّهُ

(اور اپنے دل میں کہتے ہیں) کہ کیا تمکو کوئی دیکھ رہا ہے پھر وہاں سے پلٹ آتے ہیں خدا

قُلُوبَهُم بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُونَ ﴿١٢٧﴾ لَقَدْ

نے بھی اُنکے دل پھیر دیئے ہیں اسلئے کہ وہ ایسے لوگ ہیں جو سمجھ نہیں رکھتے بیشک

جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِّنْ أَنفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا

تمہارے پاس ایک ایسا رسول تمہارے ہی اپنائے جنس سے آیا ہے کہ جو تم کو

عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُم بِالْمُؤْمِنِينَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ ﴿١٢٨﴾

ناگوار ہے وہ اُسکو بھی شاق ہے اُسکی سب سے بڑی خواہش تمہاری نسبت یہ ہے کہ تم ایمان لاؤ

فَإِن تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ

(وہ) مؤمنین پر بہت نرم دل اور مہربان ہے پھر اگر وہ لوگ روگرداں ہوں تو تم کہدو کہ میرے

عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ ﴿١٢٩﴾

لئے تو اللہ ہی کافی ہے اسکے سوا کوئی معبود نہیں میں نے اُسی پر بھروسہ کر لیا ہے اور وہی بڑے

سُورَةُ يُونُسَ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ مِائَةٌ وَتِسْعُ آيَاتٍ

سورۂ یونس مکہ میں نازل ہوا اور اسکی ایک سو نو آیتیں ہیں

منزل ۲

حاشیہ صفحہ ۴۱۲

سلہ مِنْ اَحَدٍ مطلب یہ ہے کہ وہ اشاروں اشاروں میں یہ کہتے ہیں کہ اگر تم اُٹھ جاؤ یا چلے جاؤ تو مسلمانوں میں سے تمکو کوئی دیکھ نہ لیگا کیونکہ اس سورہ کے سننے کے برداشت تو تم میں ہے نہیں چنانچہ اگر کوئی دیکھتا نہیں ہوتا تھا تو وہ اُٹھ کر چلے جاتے تھے ۱۲ سلہ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اسکے معنی یہ ہیں کہ تمہاری ہی جنس سے یعنی عرب سے ہے تفسیر قمی میں ہے کہ خلقت میں تمہاری مثل ہے اور ایک قراءت ہے مِنْ اَنْفُسِكُمْ مفتوح الفاء صیغۂ اسم التفضیل جسکا یہ مطلب ہے کہ تم میں جو سب سے زیادہ نفیس و شریف گھرانے کا ہے۔ رسول اُس گھرانے سے ہیں۔ المجوامع میں ہے کہ ایک قول کے موجب جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ اور جناب فاطمہ زہرا صلوات اللہ علیہا کی قرأت یہی تھی لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ قول مشہور چونکہ سورۂ آل عمران میں آیت مباہلہ میں پروردگار عالم نے علی مرتضیٰ کو نفس رسول قرار دیا ہے اُس فضیلت خاص کے درجے کو کم کرنیکے لئے اعراب لگانیوالے نے یہاں بھی معنی کو زیر و زبر کر دیا۔ تفسیر عیاشی میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ کے مخاطب ہم ہیں۔ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ کے مخاطب ہم ہیں حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ کے مخاطب ہم ہیں بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ اس جماعت میں مؤمن بھی ہمارے شریک ہوگئے ہیں اور دوسری روایت میں ہے کہ آپ نے فرمایا کہ اس آیت کی تین جو تمہاری

۸۷ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰى وَاَخِيْهِ ۔ تفسیر قمی میں جناب امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے روایت ہے کہ چونکہ بنی اسرائیل ظالموں سے خائف تھے (اور خدا کی عبادت کے لئے عبادت خانہ قائم نہ کر سکتے تھے) خدا تعالےٰ نے موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام کو وحی فرمائی کہ تم اپنے اپنے گھروں ہی میں عبادت کرلو۔ اور وہیں نمازیں پڑھ لو۔ علل الشرائع اور تفسیر عیاشی میں ہے کہ جناب رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں کے سامنے خطبہ پڑھا جس میں فرمایا کہ اے لوگو اللہ نے موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام کو حکم دیا کہ اپنی قوم کے لئے مصر میں کچھ مکانات بنائیں اور ان دونو کو حکم دیا کہ انکی مسجدیں سوائے ہارون اور اولاد ہارون کے نہ کوئی جنب حالت میں شب باش ہو سکے نہ عورتوں کے پاس جا سکے۔ اور بلاشک علی علیہ السلام کی منزلت مجھ سے وہی ہے جو ہارون علیہ السلام کی موسیٰ علیہ السلام سے تھی۔ پس سوائے علی علیہ السلام اور اولاد علی علیہ السلام کے اور کسی کے لئے حلال نہیں ہے کہ میری مسجد میں عورتوں سے مقاربت کرے اور جنب حالت میں شب باش ہو۔ اور جس کو یہ بات بری لگے تو اسکا راستہ یہ ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے دست مبارک سے شام کی طرف اشارہ کیا۔ (قول مترجم۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اشارہ کا یہ مطلب معلوم ہوتا ہے کہ جنکو علیؑ اور اولاد علیؑ کی وہ منزلت جو عطیۂ خدا ہے بری لگے وہ یہودی ہو جائیں جیسے معاویہ شاہی ہو گئے اور انکو قوت اسی خطہ میں ہوئی جدھر آنحضرتؐ نے اشارہ کیا تھا انکے متعلق باقی روایتیں ضمیمہ میں نمبر شمار ۱۹ ملاحظہ ہوں) ۸۸ اِطْمِسْ عَلٰٓى اَمْوَالِهِمْ ۔ لفظی معنی ہیں۔ کر اُن کے مالوں کو ایسا بدلدے کہ اُن سے نفع اُٹھا نہ سکیں۔ چنانچہ روایت میں وارد ہے کہ اُنکے مال پتھر ہو گئے تھے۔ ۱۲ ۸۹ قَدْ اُجِيْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا ۔ ایک روایت کے بموجب موسیٰ علیہ السلام دعا کرنیوالے تھے اور ہارون علیہ السلام آمین کہنے والے۔ مگر خدا نے دونو کو دعا کرنیوالا قرار دیا۔ کافی میں جناب رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ موسیٰ علیہ السلام نے تو دعا کی تھی اور ہارون علیہ السلام اور فرشتوں نے آمین کہی تھی۔ خدا نے فرمایا قَدْ اُجِيْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا اور یہ بھی

وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۸۷﴾ وَاَوْحَيْنَآ

اور ہمکو اپنی رحمت سے کافروں (کے ظلم) سے نجات دے اور ہم نے موسےٰ اور

اِلٰى مُوْسٰى وَاَخِيْهِ اَنْ تَبَوَّاٰ لِقَوْمِكُمَا بِمِصْرَ بُيُوْتًا

اُنکے بھائی کی طرف وحی کی کہ تم دونو اپنی قوم کے لئے مصر میں کچھ مکان بناؤ

وَّاجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ قِبْلَةً وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ۭ وَبَشِّرِ

اور اپنے اُن مکانوں کو نماز کی جگہ قرار دو اور (اُن میں) نماز پڑھا کرو اور مومنین کو

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۸﴾ وَقَالَ مُوْسٰى رَبَّنَآ اِنَّكَ اٰتَيْتَ فِرْعَوْنَ

خوشخبری سناؤ اور موسےٰ نے عرض کی کہ اے ہمارے پروردگار بالتحقیق تو نے

وَمَلَاَهٗ زِيْنَةً وَّاَمْوَالًا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ رَبَّنَا لِيُضِلُّوْا

فرعون اور اُسکے درباریوں کو زندگانی دنیا میں سامان آرائش اور مال بہت کچھ دیا ہے

عَنْ سَبِيْلِكَ ۚ رَبَّنَا اطْمِسْ عَلٰٓى اَمْوَالِهِمْ وَاشْدُدْ

اے ہمارے پروردگار اسلئے کہ وہ تیری راہ سے بھٹکائیں اے ہمارے پروردگار اُنکے مال غارت

عَلٰي قُلُوْبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْا حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿۸۸﴾

کردے اور اُنکے دل سخت کردے کہ وہ جبتک دردناک عذاب نہ دیکھیں گے ایمان

قَالَ قَدْ اُجِيْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا فَاسْتَقِيْمَا وَلَا تَتَّبِعٰٓنِّ

نہ لائینگے خدا تعالےٰ نے فرمایا کہ تم دونو کی دعا قبول ہو گئی پس تم دونو ثابت قدم رہو اور

سَبِيْلَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۸۹﴾ وَجٰوَزْنَا بِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ

ہرگز جاہلوں کی راہ نہ چلو اور ہمنے بنی اسرائیل کو دریا کے پار اُتار دیا

بقیہ حاشیہ صفحہ ۴۴۲ - اور جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منافقوں کی تکذیب کے خوف سے اس حکم کے پہنچانے میں مضائقہ کیا اور کچھ لوگوں کو جنہیں میں بھی تھا بلا کر اس بارے میں مشورہ کیا کہ آیا حج میں یہ احکام سنائے جائیں یا نہیں۔ ہماری سمجھ میں کچھ نہ آیا کہ کیا جواب دیں۔ جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گریہ فرمایا۔ اور جبرئیل امین نے یہ عرض کی۔ یا رسول اللہ کیا آپ امر خدا کے پہنچانے سے دل تنگ ہوتے ہیں؟ آنحضرت نے فرمایا کہ اے جبرئیل یہ بات نہیں ہے۔ بلکہ میرا پروردگار جانتا ہے کہ قریش کے ہاتھوں سے مجھے کتنی اذیتیں پہنچی ہیں جبکہ انہوں نے میری رسالت کا اقرار نہ کیا تو پروردگار عالم نے مجھے ان سے جہاد کرنیکا حکم دیا اور آسمان سے میری نصرت کیلئے لشکر بھیجے اور انہوں نے میری مدد کی پھر وہ میرے بعد علی علیہ السلام کی ولایت کا اقرار کیونکر کرینگے۔ یہ سنکر جبرئیل امین چلے گئے اور اسکے بعد پروردگار عالم نے یہ آیت نازل فرمائی فَلَعَلَّكَ تَارِكٌ الخ ۱۲۔

حاشیہ صفحہ ۴۴۳

۱ مَنْ كَانَ يُرِيدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا۔ تفسیر عیاشی میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ دنیا کی زندگی اور اسکی زینت کے چاہنے والے فلاں اور فلاں ہیں۔ تفسیر قمی میں ہے کہ ان آیتوں سے خدا تعالے کا یہ مطلب ہے کہ جو شخص عمل خیر اس نیت سے کرے کہ اسکا بدلہ اللہ تعالیٰ اس دنیا میں عطا فرما دے تو اسکا بدلہ خدا تعالے اسی دنیا میں عطا فرما دیگا اور آخرت میں اسکے لئے جہنم ہے۔ ۱۲

۲ وَيَتْلُوهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ۔ کافی میں جناب امام موسیٰ کاظم علیہ السلام اور جناب امام علی رضا علیہ السلام سے منقول ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت پر شاہد ہیں اور رسول اپنے پروردگار کی طرف سے دلیل پر ہیں۔ تفسیر مجمع البیان میں جناب امیر المومنین جناب امام محمد باقر اور جناب علی رضا علیہم السلام سے منقول ہے کہ اس آیت میں شَاهِدٌ مِّنْهُ سے مراد علی ابن ابیطالب ہیں جنہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ کے حق میں گواہی دی اور لفظ مِنْهُ کا یہ مطلب ہے کہ وہ اور جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک ہی نور سے ہیں۔ تفسیر قمی میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ اصل

وما من دابۃ ۱۲ — ۴۴۳ — ھود ۱۱

قُلْ فَأْتُوا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهِ مُفْتَرَيٰتٍ وَّادْعُوا مَنِ

تم یہ کہدو کہ ایسی ہی بنی ہوئی دس سورتیں تم بھی لے آؤ اور اگر تم سچے ہو تو

اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُونِ اللّٰهِ إِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِينَ ﴿۱۳﴾

اللہ کے سوا تم جن جن کو بلا سکتے ہو بلا لو

فَإِلَّمْ يَسْتَجِيبُوا لَكُمْ فَاعْلَمُوا أَنَّمَا أُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ

پھر اگر وہ تمہارے کہنے کو منظور نہ کریں تو سمجھ لو کہ جو کچھ نازل کیا گیا ہے خدا کے علم سے نازل

وَأَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ ۚ فَهَلْ أَنْتُمْ مُّسْلِمُونَ ﴿۱۴﴾ مَنْ

کیا گیا ہے اور یہ کہ خدا تعالے کے سوا کوئی معبود نہیں ہے کیا اب بھی تم حکم ماننے والے ہوگے جو

كَانَ يُرِيدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِينَتَهَا نُوَفِّ إِلَيْهِمْ

شخص زندگانی دنیا اور رونق دنیا کا خواستگار ہوگا ہم اسی دنیا میں ایسوں کے اعمال کا

أَعْمَالَهُمْ فِيهَا وَهُمْ فِيهَا لَا يُبْخَسُونَ ﴿۱۵﴾ أُولٰئِكَ

پورا پورا بدلہ دینگے اور انکو دنیا میں کچھ نقصان نہ دیا جائیگا وہ وہی لوگ ہیں

الَّذِينَ لَيْسَ لَهُمْ فِي الْآخِرَةِ إِلَّا النَّارُ ۖ وَحَبِطَ مَا

جنکے لئے آخرت میں سوائے جہنم کے اور کچھ نہیں ہے اور دنیا میں جو کچھ

صَنَعُوا فِيهَا وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿۱۶﴾ أَفَمَنْ كَانَ

انہوں نے کیا ہوگا وہ سب مٹ جائیگا اور جو کچھ وہ کیا کرتے تھے وہ سب باطل ہو جائیگا

عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهِ وَيَتْلُوهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ وَمِنْ

کیا وہ شخص جو اپنے رب کی طرف سے کھلی دلیل پر ہو اور اسکے پیچھے پیچھے ایک گواہ آتا ہو جو

منزل ۳

فِيهَا زَفِيرٌ وَّشَهِيقٌ ۝ خٰلِدِينَ فِيهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَ

میں پڑے ہائے وائے کرینگے اور جسوقت تک آسمان و زمین باقی رہینگے وہ اسی میں

الْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيدُ ۝۱۰۷

رہینگے سوائے اسکے کہ تمہارے پروردگار کو کچھ اور منظور ہو بیشک تمہارا پروردگار جو کچھ چاہے

وَاَمَّا الَّذِينَ سُعِدُوا فَفِي الْجَنَّةِ خٰلِدِينَ فِيهَا مَا دَامَتِ

کر گزرنیوالا ہے اور رہے وہ جو خوش نصیب ہونگے جبتک آسمان و زمین باقی ہے برابر

السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ عَطَآءً غَيْرَ

جنت میں رہینگے سوائے اسکے کہ تمہارے پروردگار کو کچھ اور (بہتری) منظور ہو (یہ) ایک ایسا

مَجْذُوذٍ ۝۱۰۸ فَلَا تَكُ فِي مِرْيَةٍ مِّمَّا يَعْبُدُ هٰٓؤُلَآءِ ؕ مَا

عطیہ (ہوگا) جو ختم ہونیوالا نہیں ہے جن چیزوں کی یہ پرستش کرتے ہیں تم انکے بارے میں کچھ شک نہ

يَعْبُدُونَ اِلَّا كَمَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُهُمْ مِّنْ قَبْلُ ؕ وَاِنَّا

کرنا یہ بھی ویسی ہی پرستش کرتے ہیں جیسی انکے باپ دادا پرستش کرتے آئے اور ہم ان کا

لَمُوَفُّوهُمْ نَصِيبَهُمْ غَيْرَ مَنْقُوصٍ ۝۱۰۹ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا

حصہ (عذاب) بغیر کم کئے پورا پورا ان کو پہنچا دینگے اور بیشک ہم نے موسیٰ

مُوسَى الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيهِ ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ

کو کتاب دی پھر اس میں اختلاف کیا گیا اور اگر تمہارے رب کی بات (متعلق

مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ وَاِنَّهُمْ لَفِي شَكٍّ مِّنْهُ

مہلت) پہلے نہ گزر چکی ہوتی تو انکے مابین فیصلہ ہو چکا ہوتا اور وہ لوگ یقیناً اسکے بارے

منزل

۱ زَفِيرٌ وَّشَهِيقٌ زفیر سانس کا باہر کی طرف نکلنا اور شہیق سانس کا اندر کی طرف جانا۔ یہ دونو لفظ شدت کرب و غم پر دلالت کرتے ہیں
۲ خَالِدِينَ فِيهَا۔ تفسیر قمی میں ہے کہ یہ ذکر دنیا کی آگ میں رہنے کا ہے جو قیامت سے پہلے پہلے ہوگی ۱۲۔ ۳ فَفِي الْجَنَّةِ خٰلِدِينَ فِيهَا۔ تفسیر قمی میں ہے کہ اس سے دنیا کی جنتیں مراد ہیں جن کی طرف مومنین کی روحیں منتقل ہو جائیں گی اور یہ جو فرمایا غَيْرَ مَجْذُوذٍ اس سے مطلب یہ ہے کہ ان نعمتوں کا سلسلہ آخرت کی نعمتوں سے جا ملیگا۔ یہ ان لوگوں کے قول کا رد ہے جو عذاب قبر کا اور قیامت سے پہلے عالم برزخ میں ثواب و عذاب ملنے کا انکار کرتے ہیں۔ قول صاحب تفسیر صافی۔ ان آیتوں کی تفسیر خدا تعالیٰ کے اس قول سے بھی ہوتی ہے اَلنَّارُ يُعْرَضُونَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَّعَشِيًّا (وہ ایک آگ ہے جس میں وہ صبح و شام جھونکے جائینگے) جناب امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ آگ عالم برزخ کی ہے جو قیامت سے پہلے ہوگا۔ کیونکہ خود قیامت میں نہ صبح ہے نہ شام۔ پھر حضرت نے فرمایا کہ کیا تم نے خدا تعالیٰ کا یہ قول نہیں سنا۔ يَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ اَدْخِلُوٓا اٰلَ فِرْعَوْنَ اَشَدَّ الْعَذَابِ (جس دن قیامت قائم ہوگی کہا جائیگا کہ فرعون والوں کو زیادہ سخت عذاب میں پہنچا دو)

۴ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوسَى الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيهِ ؕ کافی میں جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ ان لوگوں نے ایسا ہی اختلاف کیا تھا جیسا کہ اس امت نے کتاب خدا میں اختلاف کیا ہے۔ اور جسوقت قائم آل محمد اس قرآن مجید کو لیکر آئینگے جو انکے پاس ہے تو اس میں بھی ایسا ہی اختلاف کرینگے یہانتک کہ ان میں سے بعض آدمی اس کا قطعی انکار کر دیں گے۔ اور ان حضرت کے حکم سے سب سے پہلے انہی کی گردن ماری جائیگی۔ ۱۲

عِجَافٌ وَّسَبْعِ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ يٰبِسٰتٍ ۙ

گایوں کو سات دُبلی پتلی گائیں کھا گئیں اور سات ہری بھری بالوں کو سات سوکھی بالیں اپنے

لَّعَلِّيْٓ اَرْجِعُ اِلَى النَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۶﴾

گئیں تاکہ میں لوگوں کے پاس پلٹ کے جاؤں تو وہ بھی جان لیں (کہ تعبیر بتلانیوالے ایسے ہوتے ہیں)

قَالَ تَزْرَعُوْنَ سَبْعَ سِنِيْنَ دَاَبًا ۚ فَمَا حَصَدْتُّمْ

یوسفؑ نے کہا کہ تم سات برس تک لگاتار کھیتی کرتے رہوگے پس جیسے تم اُس کھیتی کو کاٹو

فَذَرُوْهُ فِيْ سُنْۢبُلِهٖٓ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّا تَاْكُلُوْنَ ﴿۴۷﴾

تو سوائے اُس تھوڑے سے غلہ کے جو تمہارے کھانے میں آئے باقی سب کو بالوں ہی میں

ثُمَّ يَاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ سَبْعٌ شِدَادٌ

رہنے دینا۔ پھر اس کے بعد سات برس سختی کے آئیں گے جن میں سوائے اُس تھوڑے

يَّاْكُلْنَ مَا قَدَّمْتُمْ لَهُنَّ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّا

سے کے جو تم بیج وغیرہ کے لئے رکھتے ہو اور جو کچھ جمع کیا ہوگا سب کھا

تُحْصِنُوْنَ ﴿۴۸﴾ ثُمَّ يَاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَامٌ

جائیں گے پھر اس کے بعد ایک ایسا برس آئیگا کہ جس میں لوگ

فِيْهِ يُغَاثُ النَّاسُ وَفِيْهِ يَعْصِرُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَقَالَ

سیر و سیراب ہو جائیں گے اور جس میں وہ نچوڑیں گے۔ بادشاہ نے

الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖ ۚ فَلَمَّا جَآءَهُ الرَّسُوْلُ

(جب یہ تعبیر سُنی) حکم دیا کہ تعبیر کرنیوالے کو میرے پاس لاؤ جب شاہی قاصد

ع ۶ ۷ ۱۶

لہ فَذَرُوْهُ فِيْ سُنْۢبُلِهٖٓ۔ لفظی معنی ہیں کہ اناج کو اُسکی بال میں رہنے دینا۔ تفسیر صافی میں ہے کہ یہ ایک نصیحت تھی جسکو تعبیر سے کوئی تعلق نہیں۔ قول مترجم۔ حضرت یوسف علیہ السلام کی اس نصیحت سے نہ صرف اہل مصر نے فائدہ اُٹھایا بلکہ تمام اہل عالم کو ایسا قاعدہ معلوم ہوا جس سے آجتک نفع اُٹھاتے ہیں۔ جس غلہ کو زیادہ زمانہ تک رکھنا منظور ہو اُسکے محفوظ رکھنے کی اس سے زیادہ اچھی کوئی صورت نہیں کہ اُس کو اُسکی بال میں رکھا جائے۔ اس نصیحت کی قدر و قیمت تجربہ کاروں سے پوچھئے ۱۲

۲ یُغَاثُ النَّاسُ وَفِيْهِ يَعْصِرُوْنَ۔ تفسیر قمی میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جناب امیر المومنین علیہ السلام کے سامنے ایک شخص نے یہ آیت یوں تلاوت کی ثُمَّ يَاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَامٌ فِيْهِ يُغَاثُ النَّاسُ وَفِيْهِ يَعْصِرُوْنَ یعنی يَعْصِرُوْنَ کو معروف پڑھا جیسا کہ آپ موجودہ قرآن شریف میں دیکھتے ہیں۔ حضرت نے فرمایا۔ وائے ہو تجھ پر وہ کیا نچوڑینگے آیا خمر نچوڑینگے اُس شخص نے عرض کی یا امیر المومنین پھر میں اُسے کیونکر پڑھوں؟ فرمایا خدا نے تو یوں نازل فرمائی ہے ثُمَّ يَاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَامٌ فِيْهِ يُغَاثُ النَّاسُ وَفِيْهِ يُعْصَرُوْنَ یعنی يُعْصَرُوْنَ کو مجہول بتلایا جس کے معنی میں یہ فرمایا کہ انکو بادلوں سے پانی بکثرت دیا جائیگا اور دلیل اس امر پر خدا کا یہ قول لائے وَاَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا (اور ہم نے بدلیوں سے موسلا دھار پانی اُتارا) قول مترجم۔ معلوم ہوتا ہے کہ جب قرآن میں ظاہر اعراب لگائے گئے ہیں تو شراب خوار خلفا کی خاطر يُعْصَرُوْنَ کو يَعْصِرُوْنَ سے بدلکر معنی کو زیر و زبر کیا گیا ہے یا مجہول کو معروف سے بدلکر لوگوں کیلئے اُنکے کرتوت کی معرفت آسان کردی۔ ہم اپنے امام کے حکم سے مجبور ہیں کہ جو تغیر یہ لوگ کردیں تم اُسکو اُسی کے حال پر رہنے دو اور تغیر کرنیوالے کا عذاب کم نہ کرو ہاں جہاں تک ممکن ہو لوگوں کو اصل حال سے مطلع کردو۔ قرآن مجید کو اُسکی اصلی حالت پر لانا جناب صاحب العصر علیہ السلام کا حق ہے اور اُنہی کے وقت میں وہ حسب تنزیل خدا تعالیٰ پڑھا جائیگا ۱۲

عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ ۝٩ سَوَآءٌ
وہ (پوشیدہ اور ظاہر کا جاننے والا سب سے بزرگ (اور) سب سے اعلیٰ ہے تم میں سے جو شخص
مِّنْكُمْ مَّنْ اَسَرَّ الْقَوْلَ وَمَنْ جَهَرَ بِهٖ وَمَنْ هُوَ
چپکے سے بات کہے اور جو پکار کر کہے دونوں برابر ہیں اور وہ جو رات کو چھپا ہوا
مُسْتَخْفٍۢ بِالَّيْلِ وَسَارِبٌۢ بِالنَّهَارِ ۝١٠ لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْ
ہو اور (وہ جو دن میں کھلی کوچوں میں پھرنے والا ہو (دونوں برابر ہیں) (انہیں سے) ہر ایک کے لئے
بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ؕ
پہرے والے (مقرر) ہیں جو خدا کے حکم سے آگے کی طرف سے اور پیچھے کی طرف سے حفاظت
اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ؕ
کرتے ہیں بیشک خدا تعالیٰ کسی قوم کی حالت کو نہیں بدلتا جبتک کہ وہ خود اپنی حالت کو نہ
وَاِذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ سُوْٓءًا فَلَا مَرَدَّ لَهٗ ۚ وَمَا لَهُمْ
بدلیں اور جب اللہ کسی قوم کے حق میں بری چاہتا ہے تو اسکا دفع کچھ نہیں ہے اور بندوں کا
مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّالٍ ۝١١ هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّ
اسکے سوا کوئی والی نہیں ہے وہ وہی ہے جو ڈرانے کے لئے اور لالچ دلانے کے لئے تم کو
طَمَعًا وَّيُنْشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ ۝١٢ وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ
بجلی کی چمک دکھلاتا ہے اور گھنگھور گھٹائیں پیدا کرتا ہے اور رعد اسکی حمد کی تسبیح پڑھتا
بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ ۚ وَيُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ
ہے اور فرشتے اسکے خوف سے (تسبیح پڑھتے ہیں) اور وہ بجلیاں گراتا ہے پس جسکو چاہتا

ف

ہوئی تھی لہ معقبت من بین یدیہ ومن خلفہ یحفظونہ من امر اللہ ۔ ۱۲ منہ
پہرے دار ۔ ۱۲ منہ
طرف سے حفاظت کرتے رہتے ہیں اور انسان
کی حفاظت کرتے رہتے ہیں) اور انسان
سے بچائے ۔ تفسیر قمی میں جناب امام
محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ
انسان کی حفاظت
کرتے رہتے ہیں جیسے
گر پڑے یا دیوار اس پر
کوئی اور مصیبت آ
پڑے ۔ الا یہ کہ کوئی
پیش آتا ہے تو سو جاتے ہیں اور وہ
جاتے ہیں ۔ ۱۲ منہ ۔ ۲ انّ اللہ لا
یغیر ما بقوم حتی یغیروا ما
بانفسہم ۔ تفسیر قمی میں جناب امام
محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ خدا
تعالیٰ نے یہ معاملہ اپنے ذمہ لیا ہے کہ
جب کسی بندے کو کوئی نعمت عطا فرماتا ہے
تو اس سے وہ نعمت ہرگز ہرگز سلب
نہ فرمائے گا جبتک کہ وہ بندہ کوئی ایسا
گناہ نہ کرے جسکے سبب سے اس نعمت کے چھن جانیکا مستوجب ہو جائے ۔ اور یہی خدا کے اس قول کا مطلب ہے ۔ معانی الاخبار میں جناب امام زین العابدین
علیہ السلام سے منقول ہے کہ وہ گناہ جو نعمتوں کو بدلتے ہیں یہ ہیں لاوگوں پر زیادتی کرنا ۱۲ خیرات کرنے اور نیکی کرنیکی عادت چھوڑ دینا ۱۲ کفران
نعمت کرنا ۱۲ شکر نعمت نہ بجالانا ۱۲ ۔ ۳ انّ احمد روایت ہے کہ جناب رسول خدا صلعم سے دریافت کیا گیا تھا کہ رعد کیا ہے ؟ فرمایا وہ ایک

اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَاْتِ بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ ﴿١٩﴾ وَّمَا ذٰلِكَ

کیا ہے اگر وہ چاہے تمکو دور کردے اور اور نئی مخلوق لے آئے اور یہ اللہ کے لئے

عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ ﴿٢٠﴾ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ جَمِيْعًا فَقَالَ الضُّعَفٰٓؤُا

ذرا بھی دشوار نہیں ہے اور جس وقت سب خدا کی حضور میں نکل کر جمع ہونگے تو اس

لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا[1] اِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ

وقت چھوٹی عقلوں والے اُنسے جو بڑے بنگئے تھے یہ کہینگے کہ (حضرت) ہم تو آپکے پیرو تھے تو

مُّغْنُوْنَ عَنَّا مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ؕ قَالُوْا لَوْ

اب آج آپ ہمکو کچھ عذاب خدا سے بھی بچا لینگے؟ وہ کہینگے کہ اگر اللہ کوئی مخلصی

هَدٰىنَا اللّٰهُ لَهَدَيْنٰكُمْ ؕ سَوَآءٌ عَلَيْنَآ اَجَزِعْنَآ

کا راستہ ہمکو بتائیگا تو ہم تمکو بھی بتا دینگے۔ مگر ہمارے لئے تو دونوں حالتیں برابر ہیں خواہ ہم

اَمْ صَبَرْنَا مَا لَنَا مِنْ مَّحِيْصٍ ﴿٢١﴾ وَقَالَ الشَّيْطٰنُ[2] لَمَّا

روئیں پیٹیں یا صبر و سکوت اختیار کریں ہمارے لئے تو کوئی چھٹکارا ہی نہیں ہے اور جب سب معاملہ

قُضِيَ[3] الْاَمْرُ اِنَّ اللّٰهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ الْحَقِّ وَ

چک جائیگا تو شیطان یہ کہدیگا کہ اللہ نے تو تم سے سچا وعدہ کیا تھا اور میں نے جو تمسے وعدہ

وَعَدْتُّكُمْ فَاَخْلَفْتُكُمْ ؕ وَمَا كَانَ لِيَ عَلَيْكُمْ

کیا تھا پس میں نے تم سے اُسکے خلاف کیا اور میرا تو تم پر کوئی قابو تھا ہی نہیں سوائے اسکے

مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّآ اَنْ دَعَوْتُكُمْ فَاسْتَجَبْتُمْ لِيْ ۚ

کہ میں نے تمکو بلایا تھا اور تم نے مان لیا تھا

ع ٣ ٩ ١٥

